ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

ایڈیشنل آئی جی انویسٹی گیشن سندھ کے اعزاز میں الوداعی تقریب۔

کراچی 20 اکتوبر 2021ء:۔

ایڈیشنل آئی جی انویسٹی گیشن سندھ ڈاکٹر ولی اللہ دل کے اعزاز میں سینٹرل پولیس آفس کراچی میں سندھ پولیس کی جانب سے الوداعی تقریب کا انعقاد کیا۔جس میں ایڈیشنل آئی جی اسٹیبلشمنٹ اینڈ ٹریننگ سندھ، ایڈیشنل آئی جی آپریشنز سندھ، ایڈیشنل آئی جی کراچی سمیت تمام ڈی آئی جیز اور اے آئی جیز نے شرکت کی۔

اس موقع پر اے آئی جی ایڈمن سی پی او نے ڈاکٹر ولی اللہ دل کی شخصیت اور انکی پولیس خدمات کا ایک مختصر سا تعارف پیش کرتے ہوئے بتایا کہ آپ نے دسمبر 1990ء میں پولیس سروس آف پاکستان CTP-18 میں شمولیت اختیار کی اور صوبہ سندھ کے مختلف اضلاع سمیت ملک کے دیگر صوبوں میں بھی اہم ذمہ داریاں انجام دیں۔آپ نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹرویز پولیس میں بھی بحیثیت ڈی آئی جی تعینات رہے اور بالآخر ایڈیشنل آئی جی انویسٹی گیشن سندھ کے طور پر ذمہ داریاں انجام دیتے ہوئے پولیس سروس سے ریٹائر ہوئے۔

ڈاکٹر ولی اللہ دل نے اپنے اعزاز میں منعقدہ الوداعی تقریب کے انعقاد پر سندھ پولیس اور آئی جی سندھ کا شکریہ ادا کیا اور پولیس کیریئر کو یادگار قرار دیا۔اس موقع پر آئی جی سندھ کی جانب سے ڈاکٹر ولی اللہ دل کو شیلڈ اور تحائف پیش کیئے گئے۔

۔۔۔